E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | سوموار 9 نومبر 2026ء/28 جمادی الاول 1448ھ/ قیمت 20 روپے | شمارہ 266

فیڈرل کانسٹیبلری دہشت گردی کے خلاف جنگ، سرکاری تنصیبات کی حفاظت اور امن و امان برقرار رکھنے کیلئے ہمیشہ صفِ اول میں رہی، محسن نقوی

فیڈرل کانسٹیبلری نے ہمیشہ ملک کی خدمت میں ہراول کردار ادا کیا

محسن نقوی

محسن نقوی نے ایس پی ڈبلیو کے جوانوں کو خصوصی مبارکباد دیتے ہوئے انسپکٹر جنرل فیڈرل کانسٹیبلری اور ان کی پوری ٹیم کو شاندار پاسنگ آؤٹ تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دی

پاس آؤٹ ہونے والے جوان کیلئے مرتبہ ڈیڈ بلیٹڈ ٹارگٹ کنٹرول وِنگ اور ایس پی ڈبلیو کا حصہ بن رہے ہیں جو ایک تاریخی ذمہ داری ہے، انہیں یقین ہے کہ جوان اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں گے

چارسدہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ فیڈرل کانسٹیبلری نے ہمیشہ ملک کی خدمت میں اہم کردار ادا کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو، سرکاری تنصیبات کی حفاظت یا امن و امان برقرار رکھنے کی ذمہ داری ہو، یہ فورس ہمیشہ صفِ اول میں رہی۔ اتوار کو شعبہ تربیت چارسدہ میں فیڈرل کانسٹیبلری کے کیڈٹس پر مشتمل اور انٹی رائٹ بگڑی کی ماس پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ فیڈرل کانسٹیبلری کے پاس آؤٹ ہونے والے جوان ایک سے بڑھ کر ایک ہیں، انہیں قانون کی بالادستی، امن و امان کے قیام اور ملک کی خدمت کی ذمہ داریاں تفویض کی جا رہی ہیں، انہیں ضابطہ اخلاق کے ساتھ ادا کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ایک سوال سے زائد پرانی فیڈرل کانسٹیبلری نے ہمیشہ ملک کی خدمت میں اہم کردار ادا کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو، سرکاری تنصیبات کی حفاظت یا امن و امان برقرار رکھنے کی ذمہ داری ہو، یہ فورس ہمیشہ صفِ اول میں رہی، وزیر داخلہ نے کہا کہ جوانوں کی تربیت اور صلاحیتوں میں اضافے کے لیے عملی اقدامات کیے گئے ہیں جن میں اکیڈمی کی 24 گھنٹے اور 7 دن کام کرنے والی ٹریننگ فیکلٹی کی تشکیل، ٹریننگ کے دورانیے میں اضافہ اور جدید تربیتی سہولیات کی فراہمی شامل ہیں، بہتر سہولیات، عربی اور انگریزی زبان کے کورسز، ایس ایس جی جیسے ایلیٹ فورس کے انسٹرکٹرز اور جدید ہتھیاروں کی تربیت شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاس آؤٹ ہونے والے جوان پہلی مرتبہ ڈیڈ بلیٹڈ رائٹ کنٹرول (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

فکرِ اقبال امن، رواداری، انصاف اور قومی ترقی کی ضامن ہے، حکومت اقبال کی 150 ویں سالگرہ سال بھر منائیگی

پیغامِ اقبال نئی نسل کیلئے مشعلِ راہ ہے، وزیراعظم

حکومت پُرعزم ہے کہ فکرِ اقبال ہمارے تعلیمی اداروں، قومی مباحث اور ترقیاتی ترجیحات میں ایک متحرک عنصر کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کرے

پاکستان علامہ اقبال کی فکری رہنمائی میں مسلم اُمہ کے درمیان اتحاد و یکجہتی کے فروغ اور بین الاقوامی تنازعات کے پُرامن حل کی حمایت جاری رکھے گا، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مفکرِ پاکستان شاعرِ مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کی 149 ویں یومِ پیدائش پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فکرِ اقبال پائیدار ترقی کے لیے امن، سماجی ہم آہنگی، رواداری اور انصاف کی دائمی ہے جبکہ علامہ اقبال کا فلسفہ حیات نفرت، انتہا پسندی، فرقہ واریت اور اختیاری سوک کی نفی کرتا ہے۔ ان کے اسلامی افکار مسلمانوں کو عملی رہنمائی فراہم کرتے ہیں، اتوار کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)



لاہور: چیئرمین کے سینئر نائب صدر سردار طفان غنی کو پی آئی اے کے صدر طفان احسان شیلڈ پیش کر رہے ہیں

بلوچستان کے 9 شہروں کو محفوظ بنانے کیلئے پنجاب سے جدید ٹیکنالوجی، تکنیکی معاونت لینے کا فیصلہ

سیف سٹی منصوبے محض نگرانی کا نظام نہیں بلکہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے جدید سکیورٹی انفراسٹرکچر کی بنیاد ہیں۔ دونوں صوبوں کی سیف سٹی اتھارٹیز کے درمیان مشترکہ منصوبے کے تحت سکیورٹی مانیٹرنگ، عملے کی تربیت، تجربات کے تبادلے کیلئے طویل المدتی تعاون ہوگا

لاہور / کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں شہریوں کے تحفظ اور جرائم کی روک تھام کے لیے 9 شہروں میں سیف سٹی منصوبوں پر کام جاری ہے تاہم ان منصوبوں کو موثر اور مکمل عملی طور پر فعال بنانے کے لیے پاکستان میں سب سے زیادہ تجربہ رکھنے والے صوبہ پنجاب سے معاونت حاصل کی جائے گی۔ اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے درمیان سیف سٹی منصوبوں کے مشترکہ امور، سیف سٹی منصوبوں کی تشکیل، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور امداد و باہمی تعاون پر اتفاق ہوا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے مراسلے پر وزیراعلیٰ پنجاب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



لاہور: پنجاب پولیس کے ہیلی کاپٹر حادثہ تقریب کے موقع پر چرچ کے باہر حفاظتی ڈیوٹی دے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر شاہد عباس کا ضلع کے اتوار کے روز ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میانوالی کا دورہ کیا

میانوالی (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر شاہد عباس کا ضلع کے اتوار کے روز ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میانوالی کا دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال ایمرجنسی، مختلف وارڈز اور جملہ شعبہ جات کا معائنہ کیا، ہسپتال میں داخل مریضوں کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

وفاقی حکومت نے سیاحت سے 40 ارب روپے آمدن کا ہدف مقرر کر دیا

اگلی 10 برس میں نجی شعبہ اور نئی ہوٹل برانڈز میں ترقی یافتہ ملک بنائے گی، پاکستان بھی سیاحت کے شعبے میں بہت ترقی کر سکتا ہے

حکومت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت نئے سیاحتی منصوبوں کے آغاز کی کوشش کر رہی ہے، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاحت

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاحت سردار یاسر الیاس خان نے کہا ہے کہ حکومت نے طویل المدتی منصوبہ سیاحت سے حاصل ہونے والی سالانہ آمدن کو 40 ارب روپے تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا ہے، یہ ہدف آئندہ 10 سال میں حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی، جس کے لیے بڑے اور معیاری فورز اور قابلِ ستائش ہوٹل برانڈز کو پاکستان میں لانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

نور پور سبز منڈی روڈ پر واسا کی طرف سے سیور پائپ بچھانے کا 70 فیصد کام مکمل

بقیہ کام 5 دسمبر 2026ء تک مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن مقرر کر دی گئی ہے

کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے نور پور سبز منڈی روڈ کا دورہ کیا اور جاری کاموں کا جائزہ لیا

فیصل آباد (سی ایم لنکس) نور پور سبز منڈی روڈ کا دورہ کیا اور جاری کاموں کا جائزہ لیا، ایم ڈی واسا ثاقب رضا نے سیور پائپ بچھانے کے کاموں پر بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ آصف چوہان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)



عالمی اجتماع کا پہلا مرحلہ رقت آمیز دعا کے ساتھ اختتام پذیر

جدید ٹیکنالوجی کی موجودگی میں بھی اللہ کے دین کی دعوت ہر انسان تک پہنچانا ہر امتی کی ذمہ داری ہے، علمائے کرام کے بیانات مسلمان کو بھوکا نہیں دیتا، مسلمان نہ خود بھوکا رہتا ہے اور نہ ہی وہ کسی کو بھوکا سونے دیتا ہے، مساجد کو آباد کرنا ہوگا، اجتماعی زندگی سیکھنا اور سکھانا ہے

رائے ونڈ (این این آئی) عالمی اجتماع کا پہلا مرحلہ رقت آمیز دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا، اجتماعی دعا سے قبل لاکھوں کے مجمع سے خطاب کرتے ہوئے مولانا طارق جمیل نے کہا کہ ہمارے وطن کا بچہ بچہ کلمہ طیبہ سے واقف ہے، اجتماع کا انتظام اور [illegible]

دنیا میں ناریل کی کھاری کی طلب میں اضافہ، پاکستان میں اس صنعت کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، مخدوم مرادی

اسلام آباد / لاہور (این این آئی) ٹریک خوراک اور معدنیات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ مخدوم مرادی نے کہا ہے کہ دنیا کے مختلف ممالک میں ناریل کی کھاری کی طلب میں اضافہ ہو رہا ہے اور پاکستان میں ناریل کی کھاری صنعت کے فروغ اور برآمدات کے وسیع مواقع موجود ہیں۔



لاہور: وزیراعظم محمد شہباز شریف لاہور میں وزیراعظم ہاؤس پر ناریل کی کھاری کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گورنر ہاؤس پشاور میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال پر خصوصی بریفنگ

مشیر داخلہ خیبر پختونخوا منصوبے کے تحت صوبے میں سکیورٹی کے لیے 70 ارب روپے مختص کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

خیبر پختونخوا پولیس کو 10,587 اور سی ٹی ڈی کو 638 اہلکاروں کی کمی کا سامنا ہے۔ پولیس کو 36 جدید آپریشنل ٹرانسپورٹ کی کمی ہے

پشاور (این این آئی) گورنر ہاؤس پشاور میں صوبے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال، پروپیگنڈا نیٹ ورک اور سنگین کے انکاؤنٹر کے حوالے سے خصوصی بریفنگ کا اہتمام کیا گیا، جس میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، صوبائی ایڈوائزرز، اعلیٰ سول و پولیس افسران اور میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ایڈوائزر ہوم اینڈ فرنٹیئر کنکٹیز مسائل، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

کیس صارفین کی جان و مال کی حفاظت کے لئے خصوصی ہدایات جاری کر دی گئیں۔



لاہور: ہیئر سوسائٹی وزیر مہر ماہ اور نگریب عالی کی تقریب میں ہنر ور اوری کی نمائندوں سے خطاب کر رہی ہیں

ملتان (سی ایم لنکس) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کی ایوالیبل کنٹرول ٹاسک فورس نے جنرل منیجر کی ہدایت پر گیس چوری، غیر قانونی استعمال اور تکنیکی خلاف ورزیوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ حالیہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

پی ایم ایس آفیسرز ایسوسی ایشن کا وزیراعلیٰ پنجاب کو خط، مطالبات کا چارٹر پیش کر دیا

پنجاب کے 41 سیکٹرز میں سے صرف 7 پی ایم ایس افسران تعینات ہیں، پنجاب کے 10 کنٹونمنٹ میں سے صرف 2 پی ایم ایس افسران ہیں

ترقیوں کے راستے دانستہ طور پر محدود کئے جا رہے ہیں، اعلیٰ انتظامی اسامیوں پر پی ایس ایس افسران غیر متناسب حد تک قابض ہیں

لاہور (این این آئی) پی ایم ایس افسران 1300 جاری ہے، پی ایم ایس افسران کی ترقیوں کے راستے دانستہ طور پر محدود کئے جا رہے ہیں، ہیں، دیگر صوبوں میں 2008 سے گریڈ 20 تک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

پنجاب میں پی ایم ایس افسران کی تعداد 336 ہیں جبکہ پی ایس ایس افسران صرف 336 ہیں لیکن اس کے باوجود پی ایس ایس افسران کا پنجاب کے اہم ترین عہدوں پر قبضہ ہے۔ پی ایم ایس افسران کو اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے ایسوسی ایشن کے ترجمان نے کہا کہ آفیسرز ایسوسی ایشن پنجاب نے وزیراعلیٰ پنجاب کو خط لکھ کر اپنے مطالبات کا چارٹر پیش کر دیا۔ ایسوسی ایشن کے تاحال پی ایم ایس افسران سے مسلسل امتیازی سلوک



کراچی: نظامی ادارے انٹیلی جنس کے تحت گلبرگ میں لگائے گئے فری میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹر ایک مریض کا معائنہ کر رہی ہیں

اسلامی ممالک بیرونی مداخلت کی بجائے اپنے مسائل خود حل کریں، حافظ نعیم الرحمٰن

ایران کیخلاف مزید فوجی کارروائی امریکہ کیلئے خطرناک ثابت ہو جائیگی، واشنگٹن پاکستان میں ملے والے وائی مفاہمت کا احترام کرے

دفاعی معاہدہ میں ایران، مصر و دیگر مسلمان ملکوں کو شامل کرنا چاہیے، امیر جماعت اسلامی پاکستان کا ترکیہ کی ثالثانہ کردار ادا کرنے کی خواہش کا اظہار

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ اسلامی ممالک کو اپنے باہمی تنازعات بیرونی مداخلت کے بغیر مذاکرات اور باہمی افہام و تفہیم سے حل کرنے چاہئیں۔ مسلم دنیا کے انتشار اور تقسیم کا فائدہ اسرائیل، امریکہ اور دیگر مخالف قوتوں کو پہنچتا ہے، علاقائی طاقتوں کو اپنے مسائل خود حل کرنے کے لیے آگے بڑھنا ہوگا۔ ترکیہ کی اثاثہ ثالثانہ کردار ادا کرنے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا کی صورتحال، ایران امریکہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

سول ویٹرنری ہسپتال چنیوٹ میں آپریشن تھیٹر کا قیام اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے

فیصل آباد (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ پنجاب کے مشیر "شعلی مرچ چاندوں کی صحت و فلاح کے لئے اہکسرے اور سرجیکل سہولیات کی فراہمی" کے تحت سول ویٹرنری ہسپتال چنیوٹ میں قائم کردہ جدید آپریشن تھیٹر کا باقاعدہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)



لاہور: چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ صوبائی الیکشن کمیشن کے دفتر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے ملاقات

ملاقات میں خیبر پختونخوا میں ریلوے کے بڑی، سیاحتی سہولیات کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر اتفاق کیا گیا۔

خیبر پختونخوا میں ریلوے کے نظام کو مزید موثر، بہتر اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنانے کے لیے مختلف تجاویز پر غور

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے ملاقات کی جس میں خیبر پختونخوا میں ریلوے کے نظام کو مزید موثر، بہتر اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنانے کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ ملاقات میں صوبے میں ریلوے کی سہولیات کو بہتر بنانے، مسافروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے اور ریلوے سرحد کے معیار کو بہتر بنانے کے امور زیر بحث آئے۔ اس موقع پر ریلوے کوئٹہ ٹورنٹ ٹرین کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

یہ تھل میلہ میں سکول ایجوکیشن اتھارٹی کا ثقافتی ہٹ عوام اور بچوں کی خصوصی توجہ کا مرکز

ثقافتی ہٹ نے لیہ کی علاقائی روایات، ثقافتی ورثے اور سادہ دیہی زندگی کی خوبصورت عکاسی کی

لیہ (سی ایم لنکس) یہ تھل میلہ میں سکول ایجوکیشن اتھارٹی کا ثقافتی ہٹ عوام اور بچوں کی خصوصی توجہ کا مرکز بنا رہا۔ ایجوکیشن اتھارٹی لیہ کی جانب سے قائم کیا گیا ثقافتی ہٹ عوام اور بچوں کی خصوصی توجہ کا مرکز بنا رہا۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے طلباء / طالبات کی سہولت کے لئے متعدد اہم خدمات آن لائن کر دیں

فیصل آباد (سی ایم لنکس) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے طلباء / طالبات کی سہولت کے لئے متعدد اہم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس پنجاب شمیم نواز کا سول ڈیفنس آفس فیصل آباد کا دورہ

مرزا ذوالفقار اقبال، ڈپٹی چیف وارڈن، تنظیم شہری دفاع نے ڈائریکٹر جنرل کی فیصل آباد آمد کو خوش آئند قرار دیا

پنجاب سول ڈیفنس، ریسپانسیبلیٹیز کور کے رضاکاران اور تنظیم شہری دفاع کے اراکین کے جذبہ خدمت کو سراہا

فیصل آباد (سی ایم لنکس) ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس پنجاب شمیم نواز (تمغہ امتیاز) نے سول ڈیفنس آفس فیصل آباد کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس فیصل آباد ریجن محمد مبشر ربانی، سول ڈیفنس چیف وارڈن، ڈپٹی چیف وارڈن، ڈپٹی کنٹرولر سول ڈیفنس ہیڈ کوارٹر، ڈپٹی کنٹرولر سول ڈیفنس ٹریننگ سنٹر، ڈپٹی کنٹرولر سول ڈیفنس ایڈمن، ڈپٹی کنٹرولر سول ڈیفنس ایمرجنسی سروس

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ

پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افغانی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دوٹوک عزم، ملکی دفاع پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا، دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے قومی یکجہتی ناگزیر

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ایس ایس جی پیڈ کوارٹرز کوہاٹ کا دورہ اور بدلتے ہوئے سیکیورٹی ماحول کے تناظر میں مسلسل تربیت، مقامی سطح پر وقائی صلاحیتوں کی ترقی اور آپریشنل تیاریوں پر غیر متزلزل توجہ دینے کا عزم اس حقیقت کا مظہر ہے کہ پاکستان اپنی قومی سلامتی اور دفاعی ضروریات کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ موجودہ عالمی اور علاقائی حالات میں دفاع کا تصور محض روایتی عسکری قوت تک محدود نہیں رہا بلکہ اس میں جدید ٹیکنالوجی، انٹیلی جنس، سائبر سیکیورٹی، نفسیاتی جنگ، اطلاعاتی جہاد اور قومی سطح پر اتحاد و یکجہتی بھی بنیادی اہمیت اختیار کر چکے ہیں۔ فیلڈ مارشل کا خصوصی سریر گروپ کے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ اسی وسیع تر دفاعی تصویر کو سمجھنے کی ایک عملی کوشش کرتا ہے، جس کے تحت افواج پاکستان کو ہر طرح کے خطرات سے نمٹنے کیلئے ہر وقت تیار رکھا جارہا ہے۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق پاکستان کو گزشتہ تقریباً دہائی دیائیوں سے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف ایک طویل اور تھکن جنگ کا سامنا ہے۔ ستین ہزار سے زیادہ شہری اور سیکیورٹی اہلکار اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرچکے ہیں۔ اس جدید دور میں افواج پاکستان کو صرف سرحدوں کی حفاظت تک محدود نہیں رہنا بلکہ اندرونی محاذ پر بھی ایک پیچیدہ اور کثیر الجہتی جنگ لڑنی پڑ رہی ہے۔ اس تناظر میں فیلڈ مارشل کا یہ کہنا کہ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ہی ہماری اولین ترجیح ہے، اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ ادھورا امن بھی اتنا ہی خطرناک ہے جتنا کھلا تصادم۔ دہشت گردی کی ہر لہر کے پیچھے کہیں نہ کہیں بیرونی سرپرستی، نظریاتی آبیاری اور مالی معاونت کا ہاتھ ضرور ہوتا ہے، اس لیے یہ جنگ صرف بندوق سے نہیں بلکہ بیانیے، میڈیا اور سماجی شعور کے میدان میں بھی لڑنی ہے۔ فیلڈ مارشل کا یہ کہنا کہ ہم اپنے بچوں کو ایسا ماحول نہیں دینا چاہتے جس میں وہ خوف کے سائے میں پروان چڑھیں، ایک ایسی ریاست کی عکاسی کرتا ہے جو اپنے مستقبل کی نسلوں کو محفوظ بنانے کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہے۔ یہ وہ سوچ ہے جو ریاست کو محض طاقت کا ادارہ نہیں بلکہ ایک ذمہ دار سرپرست کے طور پر پیش کرتی ہے۔ تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ صرف عسکری کارروائیوں سے ممکن نہیں۔ اس کیلئے ایک ایسی قومی یکجہتی درکار ہے جس میں ریاست، سیاست، عدلیہ، میڈیا اور عوام سب ایک ہی سمت میں کھڑے ہوں۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں کبھی سیاسی مفادات، کبھی لسانی تقسیم اور کبھی ادارہ جاتی ٹکراؤ نے اس یکجہتی کو نقصان پہنچایا ہے۔ دشمن ہمیشہ انہی دراڑوں کو استعمال کرتا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ہر ادارہ اپنی آئینی حدود میں رہتے ہوئے قومی مفاد کو اولین ترجیح دے۔ فیلڈ مارشل کا یہ دورہ اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ یہ ایک ایسے وقت میں ہوا ہے جب خطے کی صورتحال تیزی سے بدل رہی ہے۔ افغانستان میں طالبان کی واپسی کے بعد سرحد پار سے دہشت گرد گروہوں کو جو سہولت ملی ہے، اس نے پاکستان کے لیے نئے چیلنجز پیدا کیے ہیں۔ ایسے میں افواج پاکستان کا ہر سطح پر چوکس اور تیار رہنا وقت کی ضرورت ہے۔ یہ دورہ اس پیغام کو بھی تقویت دیتا ہے کہ ادارے اپنی ذمہ داریوں سے غافل نہیں اور کسی بھی ممکنہ خطرے کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ آخر میں یہ کہنا بجا ہوگا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف بندوق کی نہیں بلکہ شعور کی بھی ہے۔ ہمیں اپنے بچوں کو ایک ایسا پاکستان دینا ہے جہاں وہ بغیر کسی خوف کے تعلیم حاصل کرسکیں، کاروبار کرسکیں اور اپنے خوابوں کی تعبیر تلاش کرسکیں۔ اس مقصد کے حصول کیلئے ریاست کے ہر ادارے کو اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی، مگر اس سے بھی زیادہ ہر شہری کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا۔ دہشت گردی کے خلاف یہ جنگ ہماری اجتماعی دانش، صبر اور عزم کا امتحان ہے، اور ہمیں یقین ہے کہ ہم یہ امتحان بھی سرخرو ہو کر دیں گے۔

تجزیہ بی این پی

یہ حقیقت فراموش نہیں کی جاسکتی کہ ان کامیابیوں کے پیچھے صرف عسکری حکمت عملی نہیں بلکہ ہزاروں قومی افسران، جوانوں، پولیس اہلکاروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کارکنوں اور عام شہریوں کی بے مثال قربانیاں شامل ہیں۔ وطن کے دفاع کیلئے اپنی جانیں قربان کرنے والے شہداء ہمیں نہ صرف ان کی قربانیوں کا مقروض بناتے ہیں بلکہ ہمیں یہ بھی یاد دلاتے ہیں کہ امن کی قیمت ہمیشہ بہت بھاری رہی ہے۔ ان کی یاد میں قائم یادگاریں، میوزیم اور تعلیمی ادارے ہمیں یہ سبق دیتے ہیں کہ ہمیں اپنے ماضی کو کبھی فراموش نہیں کرنا۔ ہمیں اپنے بچوں کو ان قربانیوں کی داستانیں سنانی ہیں تاکہ وہ جان سکیں کہ آج کا پرامن پاکستان کتنی بڑی قیمت چکا کر حاصل ہوا ہے۔ ہمیں اپنے بچوں کو ایک ایسا پاکستان دینا ہے جہاں وہ بغیر کسی خوف کے تعلیم حاصل کرسکیں، کاروبار کرسکیں اور اپنے خوابوں کی تعبیر تلاش کرسکیں۔ اس مقصد کے حصول کیلئے ریاست کے ہر ادارے کو اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی، مگر اس سے بھی زیادہ ہر شہری کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا۔ دہشت گردی کے خلاف یہ جنگ ہماری اجتماعی دانش، صبر اور عزم کا امتحان ہے، اور ہمیں یقین ہے کہ ہم یہ امتحان بھی سرخرو ہو کر دیں گے۔

تجزیہ بی این پی

افسران کی حوصلہ افزائی کی۔ اس کے برعکس بعض اطلاع ہیں پولیٹیشن منصوبوں کی تعمیل، تعیراتی معیار اور پائیداری کے حوالے سے سستی اور غفلت پر ناراضی کا اظہار کیا۔ یہ طرز عمل اس بات کا مظہر ہے کہ حکومت ابھی کارکردگی کی حوصلہ افزائی اور ناقص کارکردگی کی نشاندہی دونوں کو انتظامی نظام کا حصہ بنانا چاہتی ہے۔

اس اجلاس کا سب سے اہم فیصلہ سرکاری ہسپتالوں کی حالت بہتر بنانے کے لیے ڈیڑھ کنسلرز کو تین دن کی مہلت دینا ہے۔ ذیزھلی نے ہدایت کی کہ ڈیڑھ کنسلرز دو زائد کی بنیاد پر ہسپتالوں اسسٹنٹ کمشنرز کے دورے کریں اور علاج معالجے، صفائی، طبی سہولیات اور انتظامی امور کو جانچ کر رپورٹ پیش کریں۔ سرکاری ہسپتال کسی بھی حکومت کی عوامی خدمت کے دعووں کا بنیادی امتحان ہوتے ہیں۔ غریب اور متوسط طبقے کے لیے سرکاری ہسپتال ہی علاج کا سب سے بڑا سہارا ہیں، اس لیے وہاں سہولیات کی کمی، عملے کی عدم دستیابی، صفائی کے مسائل اور مریضوں کے ساتھ نامناسب رویہ براہ راست عوامی مشکلات میں اضافہ کرتا ہے۔ مریم نواز شریف نے واضح کیا کہ ڈیڑھ کنسلرز دو انتظامیہ کی لاپروائی یا من کی سست رفتاری کی نذر نہیں ہونے دیں گی۔ اس بیان میں انتظامی افسران کے لیے ایک واضح پیغام موجود ہے کہ صوبائی حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کی کامیابی کا انحصار ضلعی سطح پر ان کے مؤثر کردار پر ہے۔

ذیزھلی کی سطح پر منصوبہ بندی اور اکائیات کی ابھی جگہ ابھی ہیں، لیکن اگر ضلعی انتظامیہ عملی طور پر ان میں ناکام رہے تو عوام تک حکومتی کوششوں کے ثمرات نہیں پہنچ سکتے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق اس پورے معاملے میں اصل امتحان تین روزہ مہلت کے بعد ہوتے ہوئے اقدامات کی ہے۔ حکومت کی اقدامات کو فروغ دینا ہے جو پاکستان کو ترقی، خوداتحصاری اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا یہ عزم کہ ہر ڈویژن ہیڈ کوارٹر ہسپتال کو اقوام عالم میں بالوقار معیار کا بنایا جائے گا، قومی ترقی کے لیے ایک واضح سمت کا نشاندہی کرتا ہے۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق اس کی بھی کامیابی کا انحصار تحقیقی یا نہ صرف اعلانات اور پالیسی بیانات نہیں بلکہ ان پر عمل درآمد عوام تک سہولتوں کی رسائی اور قومی وسائل کے شفاف استعمال سے یقین ہوتا ہے۔ اس تناظر میں ذیزھلی کی جانب سے عوامی ریلیف، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کی معاونت، برآمدات میں اضافے اور قرضتی منصوبوں کی ترقی جیسی پالیسیوں پر خصوصی توجہ ایک اہم پیش رفت ہے۔ بالخصوص ایسے حالات میں جب ملک کو پے در پے کامی معاونت حقیقی مستحقین تک پہنچے۔ سہیدی کی تقسیم میں شفافیت لاگت سے عام شہریوں اور چھوٹے کاروباری طبقے کے لیے مشکلات پیدا کر رہی ہیں، فائدہ اٹھانے کی گنجائش پیدا ہوتا ہے۔

مریم نواز شریف کا پنجاب میں گڈ گورننس، شہری سہولیات اور ہسپتالوں کی بہتری کے لیے سخت اقدامات کا فیصلہ

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں انتظامی کارکردگی بہتر بنانے، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے اور سرکاری اداروں میں جواب دہی کا نظام مؤثر بنانے کے لیے ڈیڑھ کنسلرز کو واضح پیغام دیا ہے کہ اب محض اجلاسوں میں کارکردگی کی رپورٹیں پیش کرنا کافی نہیں ہوگا بلکہ عوام کو عملی طور پر تبدیلی نظر آنی چاہیے۔ جس میں بہتر ہسپتال، صفائی، پانی، نکاسی، تعلیمی مقابلے اور خلاف ورزیوں کی دیکھ بھال میں غفلت اور شہری سرکاری اداروں کے کام کی نگرانی کرے گا۔ خوبصورتی کے منصوبوں میں معیار کی کمی پر ذیزھلی کا سخت فوٹس اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ صوبائی حکومت انتظامی مشینری سے بہتر نتائج حاصل کرنے کے لیے زیادہ سنجیدہ اور متحرک دکھائی دے رہی ہے۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت ڈیڑھ کنسلرز کی کارکردگی کے حوالے سے منعقدہ خصوصی اجلاس میں تمام کمشنرز، ڈی جی ہیلتھ، ڈی جی ریسکیو 1122، ڈی جی واسا سمیت متعدد اعلیٰ افسران کی موجودگی میں ڈیڑھ کنسلرز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 6 اضلاع میں ڈیڑھ کنسلرز کی کارکردگی کو غیر تسلی بخش قرار دیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 15

بتاریخ 1 نومبر

قائم رمزی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بتاریخ 7 نومبر

بحالی کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی، تاکہ علاقے میں سیاحت کو فروغ دینے، مقامی معیشت کو تقویت دینے اور سیاحوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جاسکیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ریلوے کا نظام مربوط بنانے سے نہ صرف عوام کو سفری سہولت میسر آئے گی بلکہ صوبے میں تجارتی سرگرمیوں میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے نے لنڈی کوتل فورسٹ ٹرین کی بحالی کو علاقے کی سیاحتی ترقی کے لیے اہم قرار دیا۔ ملاقات میں خیبر پختونخوا کی مجموعی سیاسی صورتحال، صوبے میں ترقیاتی امور اور عوامی مسائل کے حل کے لیے وفاقی و صوبائی سطح پر مؤثر رابطوں اور باہمی تعاون کی اہمیت پر بھی جذبات کا خیال کیا گیا۔ گورنر نے اس امر پر زور دیا کہ صوبے کی ترقی، عوامی سہولیات میں بہتری اور پائیدار امن کو یقینی بنانے کے لیے وفاقی حکومت اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ ملاقات میں خیبر پختونخوا میں ریلوے کی بہتری، سیاحتی سہولیات کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر اتفاق کیا گیا۔

بتاریخ 8 نومبر

خدمات درصرف آن لائن کردیں بلکہ یوروڈی تمام فیسوں کی ادائیگی کے لیے بھی 1BILL اور Raast کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگی کی سہولیات متعارف کرائیں اس اقدام سے طلباء، اور والدین کو بہت بڑے پیمانے پر کرنسی کے نجات ملے گی اور وہ گھر بیٹھے ہی جیز، ٹرانزٹ، آسان اور محفوظ طریقے سے خدمات حاصل کرسکیں گے۔

بتاریخ 9 نومبر

ضلع ایبٹ آباد کی 30 سے زائد نجی سکولوں کے طلباء وطالبات نے مجرہ پر شرکت کی۔ تقریب کا مقصد نئی نسل کو شاعر مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کی فکر، فلسفے، شاعری اور قومی خدمات سے روشناس کرانا

بتاریخ 10 نومبر

تنظیم شہری دفاع نے ڈائریکٹر جنرل کی فیصل آباد آمد کو خوش آئند قرار دیا اور جناب سول ڈیفنس کو رکے رضاکاروں اور تنظیم شہری دفاع کے اراکین کے جذبہ خدمت کو سراہا۔ انہوں نے تنظیم شہری دفاع کو مزید فعال اور مؤثر بنانے کے لئے اپنی تجاویز بھی پیش کیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس فیصل آباد رانا ذکی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ سول ڈیفنس کی بہتری اور ترقی کے لئے جاری اقدامات پر روشنی ڈالی۔ سول ڈیفنس آفیسر نے سول ڈیفنس فیصل آباد کی فعال، متظم اور مؤثر ٹیم کے لئے کئے جانے والے اقدامات اور جاری سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس پنجاب نے اپنے خطاب میں سول ڈیفنس فیصل آباد کے افسران، اہلکاروں اور رضاکاروں کے جذبہ خدمت کو سراہا اور محکمہ کی ترقی و بہتری کے لئے کئے جانے والے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے پنجاب کے مختلف اضلاع کے دورے کے دوران سول ڈیفنس کور کے رضاکاروں کی ورزشی پریڈ کو دیکھا اور رضاکاروں کی موجودہ تعداد 20 ہزار سے بڑھا کر 60 ہزار تک لے جانے کا باقاعدہ مقرر کیا۔ اس موقع پر سول ڈیفنس سٹاف اور تنظیمی رضاکاران نے اس ہدف کے حصول کے لئے بھرپور محنت اور لگن کی یقین دہانی کروائی۔ ڈائریکٹر جنرل نے سول ڈیفنس فیصل آباد کی بھرپور کارکردگی اور جاری اقدامات کی تعریف کی اور ان کی مزید بہتری کے لئے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو سراج الدین کی قیادت میں جاری اقدامات کے حوالے سے خوش اور مطمئن کا اظہار کیا۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر جنرل نے ہم آہنگی اور تعاون بڑھانے کے لئے ضلعی انتظامیہ کے افسران سے ملاقات کی۔ ڈائریکٹر جنرل نے سول ڈیفنس کے رضاکاروں کی ورزشی پریڈ کو دیکھا اور رضاکاروں کی موجودہ تعداد 20 ہزار سے بڑھا کر 60 ہزار تک لے جانے کا باقاعدہ مقرر کیا۔ اس موقع پر سول ڈیفنس سٹاف اور تنظیمی رضاکاران نے اس ہدف کے حصول کے لئے بھرپور محنت اور لگن کی یقین دہانی کروائی۔ ڈائریکٹر جنرل نے سول ڈیفنس فیصل آباد کی بھرپور کارکردگی اور جاری اقدامات کی تعریف کی اور ان کی مزید بہتری کے لئے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو سراج الدین کی قیادت میں جاری اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر جنرل نے ہم آہنگی اور تعاون بڑھانے کے لئے ضلعی انتظامیہ کے افسران سے ملاقات ک

MCF انفورسمنٹ ونگ مزید متحرک

ڈپٹی کمشنر/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن محمد نعمان صدیق نے انفورسمنٹ ونگ کے عملے کے نئے یونیفارمز، جدید مشینری، گاڑیوں اور اپ گریڈ شدہ پٹرولنگ موٹر سائیکلوں کا معائنہ کیا

شہریوں کو بہترین میونسپل سروسز کی فراہمی، تجاوزات کا خاتمہ اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیحات ہیں، انفورسمنٹ ونگ کا عملہ شہر بھر میں ہمہ وقت فیلڈ میں موجود رہے، نعمان صدیق

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) شہر میں تجاوزات کے خاتمے، شہری سہولیات کی بہتری اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لئے میونسپل کارپوریشن فیصل آباد کے انفورسمنٹ ونگ کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے مزید فعال اور متحرک بنا دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن محمد نعمان صدیق نے انفورسمنٹ ونگ کے عملے کے نئے یونیفارمز، جدید مشینری، گاڑیوں اور اپ گریڈ شدہ پٹرولنگ موٹر سائیکلوں کا معائنہ کیا اور عملے کو فیلڈ میں متحرک رہتے ہوئے ذمہ داریاں ادا کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہریوں کو بہترین میونسپل سروسز کی فراہمی، تجاوزات کا خاتمہ اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیحات ہیں۔ انفورسمنٹ ونگ کا عملہ شہر بھر میں ہمہ وقت فیلڈ میں موجود رہے اور بالخصوص رش کے اوقات میں مؤثر پٹرولنگ کے ذریعے ٹریفک کی روانی اور شہریوں کی آمدورفت میں حائل رکاوٹوں کو دور کرے۔ فرائض کی ادائیگی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ بعد ازاں انفورسمنٹ ونگ کے عملے نے نئے یونیفارمز، جدید مشینری اور پٹرولنگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

ملت روڈ پر سہولت بازار پیر اور ہفتہ لگانے کیلئے اقدامات شروع

ملت روڈ کے قریب غیر قانونی طور پر قائم ہونے والے پیر اور جمعہ بازار کو ختم کرا کر دکانداروں و سٹال ہولڈرز کو سہولت بازار منتقل کیا جائے گا

نئی کی فری سہولت کے ساتھ پارکنگ کی بھی کوئی فیس نہیں ہوگی، سکیورٹی اقدامات، سی سی ٹی وی کیمرے، صفائی، واش روم کی سہولت، پینے کا پانی و دیگر سہولیات دستیاب ہیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق سہولت بازار ملت روڈ کو ہفتہ کے ساتوں دن فعال اور گردونواح کے کاروباری افراد کو بلا معاوضہ سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے ہنگامی اقدامات شروع کر دیئے گئے ہیں جس کے تحت ملت روڈ کے قریب غیر قانونی طور پر قائم ہونے والے پیر اور جمعہ بازار کو ختم کرا کر دکانداروں و سٹال ہولڈرز کو سہولت بازار منتقل کیا جائے گا جہاں بجلی کی فری سہولت کے ساتھ پارکنگ کی بھی کوئی فیس نہیں ہوگی۔ علاوہ ازیں سکیورٹی اقدامات، سی سی ٹی وی کیمرے، صفائی، واش روم کی سہولت، پینے کا پانی و دیگر سہولیات دستیاب ہیں۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے سہولت بازار ملت روڈ کا دورہ کیا اور بازار کو فعال بنانے کے حوالے سے بریفنگ لی۔ کمشنر نے ایس ڈی او پیرا کو آئندہ سوموار اور جمعہ کو گردونواح میں لگنے والے غیر قانونی بازاروں کو ختم کرا کر دکانداروں کو عزت کے ساتھ ملت روڈ سہولت بازار میں منتقل کرانے کا ٹاسک دیا اور ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سے کہا کہ وہ تمام عمل کی براہ راست نگرانی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

اقبال کا تصور خودی عملی جدوجہد کا درس دیتا ہے، ذوالفقار علی انجم

اقبال کے افکار پر عمل کر کے پاکستان کو مضبوط صنعتی معیشت بنایا جا سکتا ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ذوالفقار علی انجم، چیئرمین ایس ایم گروپ آف کمپنیز نے کہا کہ 9 نومبر ہمارے عظیم شاعر، مصور پاکستان کا یوم پیدائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ علامہ محمد اقبال کا پیغام محض خودی، بیداری اور آزادی تک محدود نہیں تھا بلکہ ان کی فکر میں معاشی خودمختاری، محنت کی عظمت، صنعت و حرفت کا فروغ اور قومی خود انحصاری بھی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ 9 نومبر، یوم اقبال کے موقع پر ہمیں ان کے افکار کا مطالعہ صرف ایک عظیم شاعر اور مفکر کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک ایسے صاحب بصیرت رہنما (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

مدرسہ سلفیہ للبنات کا 59واں سالانہ اجتماع آج منعقد ہوگا

خواتین اجتماع میں دینی تعلیم، تربیت اور تحفظ ختم نبوت پر خطاب کریں گی، طالبات میں اسناد و انعامات بھی تقسیم ہوں گے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد کی معروف و قدیم دینی درسگاہ مدرسہ سلفیہ للبنات کا 59واں سالانہ اجتماع برائے خواتین بسلسلہ تقسیم اسناد و انعامات آج صبح 10 بجے سے لیکر شام 05 بجے تک مدرسہ سلفیہ للبنات گوبند پورہ شمس 06 گ والا روڈ میں زیر نگرانی پرنسپل مدرسہ ہذا میں منعقد ہوگا۔ خالد محمود اعظم آبادی کی پریس ریلیز کے مطابق عظیم الشان اجتماع میں لاہور، فیصل آباد و دیگر شہروں سے معروف اسلامی سکالرز شریک ہوں گی۔ جو کہ عقیدہ توحید، تحفظ ختم نبوت و ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم، اسلامی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

بجلی کی قیمتوں میں اضافہ عوام اور تاجروں کے ساتھ ناانصافی ہے

میاں محمد افضل آف ٹوبہ، حاجی محمد اصغر، حاجی راشد نجمی، میاں عمر اقبال، لالہ دلدار حسین و دیگر کا اظہار خیال



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران موٹر مارکیٹ جھنگ روڈ فیصل آباد کے چیئرمین سرپرست اعلیٰ سابق ایگزیکٹو ممبر ایف سی سی آئی میاں محمد افضل آف ٹوبہ، سابق ایگزیکٹو ممبر ایف سی سی آئی و چیئرمین حاجی محمد اصغر، صدر حاجی راشد نجمی، وائس چیئرمین میاں عمر اقبال، لالہ دلدار حسین، رانا امجد علی، سابق ایگزیکٹو ممبر مقصود بٹ، رانا امجد و دیگر نے بجلی کی قیمتوں میں مزید اضافہ پر شدید تشویش کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)



فیصل آباد: وائس چانسلر ڈاکٹر رؤف اعظم، سہلٹ انجینئرنگ یونیورسٹی بنگلہ دیش کے پروفیسر ڈاکٹر مہدی حسن خان کو کانفرنس میں شرکت پر شیلڈ دے رہے ہیں

کمشنر نصیرآباد کا گوٹھ میر حسن کھوسہ میں زمیندار کے شمالی ڈیرے پر اچانک آگ بھڑک کے واقعے کا نوٹس

نصیرآباد (این این آئی) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے گوٹھ میر حسن کھوسہ میں معروف زمیندار میر منظور خان کھوسہ کے شمالی کے ڈیرے پر اچانک آگ بھڑک اٹھنے کے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

ہیوسٹن میں "پیس آف ہارٹ" پروگرام کا انعقاد، امیر عبدالقدیر اعوان کا خصوصی خطاب

کائنات کی ہر چیز ایک مقصد کے تحت تخلیق کی گئی ہے، لہٰذا انسان کی زندگی بھی بے مقصد نہیں ہو سکتی

فیصل آباد (پ ر) ٹیکساس کے کراچی ریسٹورنٹ میں "پیس آف ہارٹ" کے عنوان سے ایک خصوصی پروگرام منعقد ہوا۔ پروگرام کے مہمانِ خصوصی سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ کے شیخ اور ستارہ ایجوکیشن سسٹم کے سرپرستِ اعلیٰ، امیر عبدالقدیر اعوان تھے۔ پروگرام کا اہتمام شہید فیض صاحب اور عاصم ذکریا صاحب نے کیا، جس میں کمیونٹی کے افراد نے شرکت کی۔ اختتام پر شرکاء کے لیے عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ امیر عبدالقدیر اعوان نے اپنے خطاب میں ذکرِ الٰہی کی اہمیت، حقیقتِ زندگی اور اتباعِ رسول اللہ ﷺ کے موضوعات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر ہر حال میں ہونا چاہیے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)



فیصل آباد: مسالک و مذاہب رواداری کونسل پاکستان کے زیر اہتمام مخدومہ جمشید چوک نزد امام بارگاہ قصر حسین میں فری میڈیکل کیمپ کا پروفیسر ڈاکٹر سید اختار حسین نقوی مرکزی چیئرمین مسالک و مذاہب رواداری کونسل پاکستان، میاں محمد عثمان، رفعت خواجہ، رضوان ابو بکر، صابر علی خوری و دیگر کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب مریضوں کا چیک کیا جا رہا ہے

منشیات فروش معاشرے کا ناسور ہے، مظفر کھوکھر

منشیات فروشوں کیخلاف روزانہ کی بنیاد پر بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں

فیصل آباد (آن لائن) جڑانوالہ ایس ایچ او تھانہ سٹی مظفر کھوکھر نے ٹیم کے ہمراہ مختلف مقامات پر کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے خاتون ڈیلر سمیت منشیات فروشوں کو حراست میں لیکر لاکھوں روپے مالیت کی 3 کلو آئس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات کا اندراج کر لیا ہے ایس ایچ او مظفر کھوکھر کا کہنا ہے کہ سی پی او فیصل آباد تنویر حسین کی ہدایت پر ایس پی ٹان اختر وینس، ڈی ایس پی ساجد موہل کی سربراہی میں منشیات فروشوں کیخلاف کامیاب مہم جاری ہے منشیات فروش معاشرے کا ناسور ہے اور نوجوانوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں ایسے عناصر کسی قسم کی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہے۔


کوئٹہ، سیوریج پانی سے سبزیوں کی کاشت تشویشناک، عوام کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ کوئٹہ اور گردونواح میں غیر صاف شدہ سیوریج کے پانی سے سبزیوں اور چارے کی کاشت کا معاملہ انتہائی تشویشناک ہے۔ صاف پانی اور محفوظ خوراک عوام کا بنیادی حق ہے۔

زمیندار کے شمالی ڈیرے پر اچانک آگ بھڑک کے واقعے کا نوٹس

ٹرمپ کی شکست شدت پسندانہ رویوں کا نتیجہ ہے، ذوالفقار شیخ

امریکی عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے واضح پیغام دیا ہے کہ غیر ذمہ دارانہ پالیسیاں برداشت نہیں



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق ٹان نائب ناظم جناح ٹان ذوالفقار احمد شیخ نے کہا ہے کہ امریکی ڈرٹم انتخابات میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جماعت ریپبلکن پارٹی کو ہونے والی بڑی شکست ان کی جانبدارانہ خارجہ پالیسیوں، جارحانہ طرز حکمرانی اور شدت پسندانہ سیاسی رویوں کا نتیجہ ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ امریکی عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے واضح پیغام دیا ہے کہ جنگی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

کیش لیس نظام کے نفاذ سے قبل تاجروں کو اعتماد میں لیا جائے

مملکت آمد سے قبل زمینی حقائق اور تاجر برادری کو درپیش مشکلات کو مدنظر رکھنا ضروری ہے



فیصل آباد (پ ر) چیئرمین لینڈ ریونیو اینڈ ہاؤسنگ کمیٹی پنجاب لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، وائس چیئرمین مرکزی تنظیم تاجران پاکستان، وائس چیئرمین انجمن تاجران سٹی رجسٹرڈ فیصل آباد ملک اسامہ سعید اعوان، ملک حاکمین سعید اعوان نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے کیش لیس معیشت کے فروغ کی پالیسی اپنی جگہ اہم ہے تاہم اس پر عملدرآمد سے قبل زمینی حقائق اور تاجر برادری کو درپیش مشکلات کو مدنظر رکھنا ضروری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

فکر اقبالؒ کے بغیر پاکستان کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا

پاکستان پیپلز پارٹی سمندری کے سٹی صدر رانا عامر محمود کا اظہار خیال

فیصل آباد (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی سمندری کے سٹی صدر رانا عامر محمود و عہدیداران نے کہا کہ فکر اقبالؒ کے بغیر پاکستان کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا تھا آج امت مسلمہ کے حالت زار اور پاکستان سمیت تمام مسلم حکمرانوں کی بے حسی پر پوری دنیا ندامت کا اظہار کر رہی ہے، فلسطین، لبنان اور کشمیر جل رہا ہے، لیکن عرب ممالک سمیت تمام مسلم دنیا خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، کیا ہم سب نے حضرت اقبال کے فلسفہ خودی سے یہی سبق حاصل کیا ہے؟ انہوں نے 9 نومبر کو علامہ محمد اقبالؒ ڈے کے موقع پر پاکستان کے عظیم فلسفی، مفکر اور شاعر علامہ اقبال کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ محمد اقبالؒ کا پیغام پوری پاکستانی قوم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

جان بچانے والی ادویات غائب اور قیمتوں میں اضافہ تشویشناک، طالب صدیق

مسلم لیگ، پیپلز پارٹی اور دیگر سیاسی جماعتیں جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافہ پر شور مچاتی رہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران سٹی فیصل آباد کے سینئر اور وائس چیئرمین اور المدینہ کمرشل مارکیٹ کنیش مل کے سرپرست اعلیٰ مرزا طالب صدیق بیگ نے کہا ہے کہ فیصل شہروں میں میڈیکل سٹوروں سے بخار، ملیریا، جلد، سر درد، آنکھ، کان، ناک، دانت و منہ کے امراض بلکہ جان بچانے والی دیگر ادویات غائب اور قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ کر کے لوگوں کو لوٹا جا رہا ہے انہوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

فکر اقبالؒ کو عملی زندگی کا حصہ بنانا وقت کی ضرورت، شکور گجر

شاعر مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کے افکار فلسفہ خودی اتحاد ایمان اور عمل آج بھی پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہیں

علامہ اقبال نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی خودداری بیداری اور ایک الگ وطن کے حصول کا شعور پیدا کیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 114 چوہدری شکور گجر نے 9 نومبر یوم اقبال کے حوالے سے اظہار خصوصی بیان میں کہا ہے کہ شاعر مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کے افکار فلسفہ خودی اتحاد ایمان اور عمل آج بھی پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہیں۔ علامہ اقبال نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی خودداری بیداری اور ایک الگ وطن کے حصول کا شعور پیدا کیا۔ ان کی شاعری نے مسلمانوں کو اپنی پہچان عظمت رفتہ اور روشن مستقبل کے لیے جدوجہد کرنے کا حوصلہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کا پیغام صرف ایک دن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چاول کے ڈھیرے کو نامعلوم مسلح افراد نے آگ لگا دی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چاول کے ڈھیرے کو نامعلوم مسلح افراد نے آگ لگا دی کروڑوں روپے مالیت کے چاول جل گئے ڈیرہ مراد جمالی سے دو فائر بریگیڈ گاڑیوں سمیت دیگر سینکڑوں افراد نے آگ بجھانے کے لیے کئی گھنٹے لگا دیے۔

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں اپلائیڈ کیمیکل سائنسز کی پہلی بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد

12 نوبل اور 40 سے زائد قومی ماہرین تعلیم و محققین کی شرکت، پائیدار ترقی اور جدید کیمیائی تحقیق پر تبادلہ خیال

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کانفرنس کا موضوع اپلائیڈ کیمسٹری میں پائیدار طریقہ کار اور ابھرتی ہوئی جدتیں تھا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رؤف اعظم نے کہا کہ جامعات کو ماحولیاتی آلودگی، غذائی تحفظ اور صنعتی ترقی جیسے مسائل کے حل کے لیے معیاری تحقیق کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے بین الاقوامی تحقیقی روابط اور جدید سائنسی تعاون کے فروغ کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ کوآرڈینیٹر جنرل کاسمیٹک اور ممتاز سائنس دان پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال چوہدری نے حیاتیاتی طور پر فعال مالیکیولز کی دریافت اور تیاری پر خصوصی خطاب کیا، جبکہ بنگلہ دیش کی سلہٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام پر ظلم ہے، محمد اعجاز چوہدری

گیس 172 فیصد مہنگی، لوڈشیڈنگ اور منافع خوری نے گھریلو صارفین کی مشکلات بڑھا دیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ عوامی مشکلات کب کم ہوں گی ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں مسلسل نان سٹاپ اضافہ غریب صارفین کے لئے معاشی بوجھ سے کم نہیں ہے ان لگاتی وفاقی و صوبائی حکومتی چھتری تلے ناجائز منافع خور LPG مافیا کی آخر یہ لوٹ مار کب تک جاری رہے گی گیس مہنگی ہونے سے عوام پر 22 ارب 56 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

محفل نعت پاکستان اسلام آباد کا 452واں ماہانہ نعتیہ مشاعرہ

ممتاز نعت نگار اور اردو فارسی کے منفرد لہجے کے شاعر سید شاکر القادری اور سلسلہ چشتی جعفری رحمانی کے سجادہ نشین اور ممتاز نعت گو شاعر شاہ محمد سبطین شاہجہانی مہمانان کی شرکت

ملک کے ممتاز نعت گو شعرائے کرام، محققین اور اہل ادب نے شرکت کی اور بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کیے

اسلام آباد (پ ر) محفل نعت پاکستان، اسلام آباد کے زیر اہتمام مسلسل 452واں ماہانہ نعتیہ مشاعرہ کا انعقاد ہوا، جس میں ملک کے ممتاز نعت گو شعرائے کرام، محققین اور اہل ادب نے شرکت کی اور بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کیے۔ مشاعرے کی صدارت محفل نعت پاکستان، اسلام آباد کے صدر سید ابرار حسین نے کی، جبکہ ممتاز نعت نگار اور اردو و فارسی کے منفرد لہجے کے شاعر سید شاکر القادری اور سلسلہ چشتی جعفری رحمانی کے سجادہ نشین اور ممتاز نعت گو شاعر شاہ محمد سبطین شاہجہانی مہمانان خصوصی تھے۔ ممتاز محقق، شاعر، نقاد اور دانش ور ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد، صدر شعبہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)



فیصل آباد: انڈسٹریل ایریا میں واقع کیمیکل فیکٹری میں لگنے والی آگ پر ریسکیو اہلکار قابو پا رہا ہے

وفاقی حکومت نے غریب عوام کو معاشی بدحالی دوچار کر دیا، علی اکبر

ایل پی جی و گیس کی قیمتوں میں بار بار اضافہ کر کے تنگ دست غریب عوام پر زندگی تنگ کی جاتی رہے گی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پیپلز لیبر بیورو فیصل آباد کے سٹی صدر سید علی اکبر چندے شاہ نے کہا کہ وفاقی حکومت نے غریب عوام کو معاشی بدحالی دوچار کر دیا سبزی مہنگی! پھل مہنگا! دالیں مہنگی! بجلی مہنگی! ڈالر مہنگا! دوائی مہنگی! تیل مہنگا! گیس مہنگی! جینا مہنگا! مرنا مہنگا! تعلیم مہنگی! یہ کہاں کا انصاف ہے؟ اشرافیہ اور مافیا ملکی وسائل بے دردی سے لوٹ رہے ہیں موجودہ عوامی مینڈیٹ چور حکومت پاکستانی قوم کو زندہ درگور کرنے پر تلی ہوئی ہے۔ ایل پی جی و گیس کی قیمتوں میں بار بار اضافہ کر کے تنگ دست غریب عوام پر زندگی تنگ کی جاتی رہے گی ان کا کہنا تھا کہ ضرورت اس ا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

راولپنڈی پولیس کی ڈکیتی و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں، 3 گینگز کے 5 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی ڈکیتی و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 3 گینگز کے 5 ملزمان گرفتار کر لئے جن کے قبضے سے 13 مسروقہ موٹر سائیکل و رقم اور موٹر سائیکلوں کے پارٹس برآمد کر لئے گئے۔

کچی، قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار، متعدد گاڑیوں کے مسافروں سے نقدی، موبائل، گھڑیاں و دیگر سامان لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچی لجی کے قریب قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی لوٹ مار متعدد گاڑیوں کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون گھڑیاں و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق کچی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

شہری دفاع کے وارڈنز کیلئے نیا سال بہت مبارک ہوگا، ضیغم نواز

یہ خدمت کا جذبہ ہے، ہمارے مشکل وقت میں یہ بہادر نوجوان عوام کو بھرپور تعاون پیش کرتے ہیں

فیصل آباد: (سٹی رپورٹر) شہری دفاع کے مین آفس میں پنجاب سول ڈیفنس آفیسر جاوید اختر نے مہمانوں کا استقبال پھولوں کی مالا اور گلدستہ پیش کر کے کیا۔ جبکہ سول ڈیفنس کے بہادر دستے نے سلامی پیش کی اور پھولوں کی پتیاں نثار کیں۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے، تلاوت کلام پاک اور نعت پڑھ کر کیا گیا۔ سٹیج (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

محمد مہتر ربانی اور ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر



فیصل آباد۔ ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق انفورسمنٹ ونگ میونسپل کارپوریشن کے اہلکاروں سے گفتگو دوسری جانب انفورسمنٹ ونگ فلیگ مارچ کر رہا ہے۔ چیف آفیسر سلمان فتی موجود ہیں

غزہ میں مظالم نیتن یاہو ٹرمپ کے سیاسی زوال کا سبب بنیں گے، شیراز کاہلوں

اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں اور مظالم نے انہیں دنیا بھر میں شدید تنقید کا نشانہ بنا دیا ہے

دنیا اب بہت مہذب ہو چکی ہے، دنیا جنگ، قتل و غارت کو مسترد کر چکی، بیگناہ خواتین، بچوں و مریضوں کا قتل قابل قبول نہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق اپوزیشن لیڈر میٹروپولیٹن کارپوریشن چوہدری شیراز کاہلوں نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں اور مظالم نے انہیں دنیا بھر میں شدید تنقید کا نشانہ بنا دیا ہے۔ غزہ میں بے گناہ مسلمانوں، خواتین، معصوم بچوں اور ہسپتالوں میں زیر علاج مریضوں کی ہلاکتیں انسانیت کے خلاف سنگین جرائم ہیں جنہیں کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دنیا اب بہت مہذب ہو چکی ہے اور عالمی برادری جنگ، قتل و غارت اور بے گناہ انسانوں کے قتل کو پسند نہیں کرتی۔ غزہ میں اسرائیلی مظالم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ عوام تک پہنچایا جائے

ٹرانسپورٹ کرایوں اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی کمی کی جائے، حاجی قمر الزمان لاہوری



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران موٹر گیئر مارکیٹ سیکٹر نمبر 1 جھنگ روڈ فیصل آباد کے صدر حاجی قمر الزمان لاہوری نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی عوام کے لیے ایک خوش آئند اقدام ہے، تاہم اس کمی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچنے چاہئیں۔ ملک میں مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے اور غریب طبقہ بنیادی ضروریات پوری کرنے سے بھی قاصر ہے۔ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے اشیائے خورد و نوش سمیت تمام ضروری اشیا کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں۔ انہوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

الفلاح فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

چک نمبر 213 میں 518 مریضوں کا مفت معائنہ، ادویات بھی تقسیم کی گئیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) الفلاح فاؤنڈیشن پاکستان کے تحت ضلع فیصل آباد میڈیکل کیمپ 9 بجے سے 1 بجے تک جاری



رہا۔ کیمپ کا آغاز سلسلہ عالیہ کے ساتھیوں نے دعائے خیر سے کیا ساتھیوں کی کاوش سے مریضوں کی بہت بڑی تعداد نے چیک اپ بھی کرایا اور مفت ادویات بھی حاصل کی۔ ڈاکٹرز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

میں مفت ادویات بھی تقسیم کیں۔ یہ فری کے علاقہ چک نمبر 213 میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ میں سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی ٹیم نے 518 مریضوں جن میں خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد موجود تھی کا مفت معائنہ کیا اور ان

شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

50 سے زائد وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لے

فیصل آباد (آن لائن) شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 50 سے زائد وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین لیے، متعدد شہریوں کو موٹر سائیکلوں سے محروم کر دیا گیا جبکہ اوباش نوجوان نے سبز باغ دکھا کر خاتون کو بے آبرو، 4 لڑکیوں اور نوجوانوں کو اغوا کر لیا گیا۔ پولیس نے مغویان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق مدینہ ٹاؤن کے علاقہ ماڈل سٹی کے اصغر علی نے بتایا کہ اس کی ہمشیرہ (الف) کو نامعلوم ملزمان نے اغوا کر لیا۔ نشاط آباد کے علاقہ 26 ج ب کے فرمان نے بتایا کہ اوباش نوجوان قاسم نے گھر داخل ہو کر اس کی بھابھی (پ) (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

حکومت نے لیوی ٹیکس واپس نہ لیا تو احتجاج جاری رہے گا، جاوید قصوری

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی خوش آئند ہے لیکن اصل مسئلہ پٹرولیم لیوی کا ہے، لیوی بہتہ ٹیکس ہے، بال حکومت کی کورٹ میں ہے

جماعت اسلامی کی جدوجہد عوام کو ریلیف دلانے کیلئے ہے، آئی پی پیز اور پیٹرولیم لیوی کا بوجھ عوام کی برداشت سے باہر جا چکا ہے، طاہر ایوب

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) جماعت اسلامی کے صوبائی امیر جاوید قصوری نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی خوش آئند ہے لیکن اصل مسئلہ پٹرولیم لیوی کا ہے، لیوی بہتہ ٹیکس ہے، بال حکومت کی کورٹ میں ہے، لیوی ٹیکس واپس نہ لیا تو احتجاج جاری رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی امیر میاں طاہر ایوب کے ہمراہ پٹرولیم لیوی بہتہ ٹیکس کیخلاف تین روزہ ملک گیر دستخطی مہم کے پہلے دن غلام محمد آباد، باوا چک، کوکیاں والہ میں لگائے گئے کیمپوں کے دورہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد عوام کو ریلیف دلانے کیلئے ہے۔ آئی پی پیز اور پیٹرولیم لیوی کا بوجھ عوام کی برداشت سے باہر جا چکا ہے۔ معیشت کا پہیہ جام ہے اور حکومت ناجائز خرچوں سے عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈال رہی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی ملاقات میں طے ہوا ہے کہ لیوی پر عوام کو ریلیف دیا جائے گا اور اس ناجائز ٹیکس کا بتدریج خاتمہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لیوی اور آئی پی پیز کے مسائل پر جماعت اسلامی کا احتجاج ہی عوام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 50)



فیصل آباد: آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عبدالرؤف شیخ، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالرحمن وزٹ کر رہے ہیں

اوستہ محمد، ٹریفک روانی برقرار رکھنے، غیر ضروری رش ختم کر